FAISALABAD BOARD

GRADE 10

URDU

2018 GROUP 1

i) رشید احمد صدیقی کے خطوط کس شہر سے بھجوائے: **(1)**

الف- دلی

ب- علی گڑھ

ج- لاہور

د- لکھنؤ

درست جواب: ب- علی گڑھ

ii) مسلمانوں نے استنبول پر پہلا حملہ کب کیا: **(1)**

الف- 672 ء

ب- 671 ء

ج- 673 ء

د- 677 ء

درست جواب: الف: 672 ء

iii) چغل خور کون سا کام جانتا تھا: **(1)**

الف- لکڑی کا کام

ب- معماری کا

ج- لوہے کا

د- کھیتی باڑی کا

درست جواب: د- کھیتی باڑی کا

iv) شاکر صاحب مصنف کو لے گۓ: **(1)**

الف- سلیم پور

ب- دلی

ج- جےپور

د- شاہپور

درست جواب: الف- سلیم پور

v) پرستان کے بادشاہ نے سیدانی بی کو بلایا تھا: **(1)**

الف- بیٹی کے جہیز ٹانکنے کو

ب- انعام دینے کو

ج- بیٹی کو سینا پرونا سکھانے کو

د- بیٹی کی شادی میں شرکت کرنے کے لیے

درست جواب: الف- بیٹی کے جہیز ٹانکنے کو

vi) اکبر کے دور میں دین کی سربلندی کے لیے کس سختیاں جھیلیں: **(1)**

الف- حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ

ب- شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ

ج- سید احمد بریلوی رحمتہ اللہ علیہ

د- شاہ اسماعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ

درست جواب: ب- شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ

vii) مرزا محمد سعید نے گورنمنٹ کالج لاہور سے کون سی سند لی: **(1)**

الف- بی -اے

ب- ایم -اے تاریخ

ج- ایم- اے انگریزی

د- ادب ایم- اے اردو ادب

درست جواب: ج- ایم- اے انگریزی

viii) درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے- **(1)**

الف- عُالَمْ

ب- عَالْمَ

ج-عِالِمْ

د- عَالِمْ

درست جواب: د- عَالِمْ

ix) درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے- **(1)**

الف- **جُلُوسْ**

ب- **جَلُوسْ**

ج- **جَلًّوس**

د- **ْجَلوسْ**

درست جواب: ب- **جَلُوسْ**

x) "چھتر"گرامر کی رو سے کیا ہے: **(1)**

الف- اسم ظرف

ب- اسم صوت

ج- اسم آلہ

د- اسم مکبر

درست جواب: د- اسم مکبر

xi) "مسواک" گرامر کی رو سے کیا ہے: **(1)**

الف- اسم ظرف

ب- اسمِ مکبر

ج- اسم الہ

د- اسم صوت

درست جواب: ج- اسم الہ

xii) اسم نکرہ کی اقسام ہیں: **(1)**

الف- تین

ب- چار

ج- پانچ

د- چھ

درست جواب: ج- پانچ

xiii) دل ٹوٹ کر کس سے ملتا ہے: **(1)**

الف- کج ادا سے

ب- دلربا سے

ج- خوش ادارے سے

د- مل کے بھی جو نہیں ملتا

درست جواب: د- مل کے بھی جو نہیں ملتا

xiv)"جھیل گئے دکھ جھیلنے والے" سے مراد ہے: **(1)**

الف- محنت کش

ب- مزدور

ج- کسان

د- پاکستان بنانے والے

درست جواب: د- پاکستان بنانے والے

xv) رن کی زمین سرخ تھی اور آسمان تھا: **(1)**

الف- سبز

ب- نیلا

ج- زرد

د- سرخ

درست جواب: ج- زرد

سوال نمبر2: درج ذیل نظم و غزل اشعار کی تشریح کیجئے-(تین حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے 10)

حصہ نظم

وہی خالق ہے دل کا اور دل کے نیک ارادوں کا
وہی مالک ہمارا اور ہمارے باپ دادوں کا

مہکی مہکی روشن روشن پیاری پیاری نیاری
رنگ برنگے پھولوں سے سجی ہوئی پھُلواری

میرے بننے کو مبارک یہ خوش گوار گھڑی
کہ سر کا درد بڑا ناک میں نکیل پڑی

جن کی تابانی میں انداز کہن بھی نو بھی ہے
اور تیرے کوکب تقدیر کا پرتو بھی ہے

حصہ غزل

روح کو بھی مزا محبت کا
دل کی ہمسایگی سے ملتا ہے

رنگ وہ فصل خزاں میں ہے کہ جس سے بڑھ کر
شان رنگینی حسن چمن آرا بھی نہیں

تِرے رُتبہ دانِ محبت کی حالت
تِرے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

سوال نمبر3: نثر پاروں کی تشریح کیجیے- سبق عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے- (10

الف) اے بھائی مسلمانو! خدا کے لئے مجھ بد نصیب کا حال سنو. میں آفت کا مارا سات بچوں کا باپ ہوں. اب روٹیوں کو محتاج ہوں اور اپنی مصیبتیں ایک ایک سے کہتا ہوں. میں بھیک نہیں مانگتا میں یہ چاہتا ہوں کہ اپنے وطن کو چلا جاؤں مگر کوئی خدا کا پیارا مجھے گھر بھی نہیں پہنچاتا. بھائی مسلمانو! میں غریب الوطن ہوں.

ب) باس سال بارش بہت کم ہوئی کنوؤں اور باولیوں میں پانی برائے نام رہ گیا باغ پر آفت ٹوٹ پڑی بہت سے پودے اور پیڑ تلف ہو گئے جو بچ رہے وہ ایسے نڈھال اور مرجھائے ہوئے تھے جیسے دق کےبیمار لیکن نام دیو کا چمن ہرا بھرا تھا اور وہ دور دورسے ایک ایک گھڑا پانی کا سر پر اٹھا کر لاتا اور پودوں کو سینچتا ۔

سوال نمبر4: کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے- (10

i) مسلمانوں کی قومیت کی بنیاد کیا ہے ؟

ii) پرستان کے بادشاہ نے سیدانی بی کو کس کام کے لیے بلایا تھا ؟

iii) لوک کہانی کی مختصر تعریف کیجئے ۔ ؟

iv) نام دیو مالی نے انعام لینے سے کیوں انکار کیا ؟

v) دہشت گردی سے معاشرتی زندگی کس طرح متاثر ہوتی ہے ؟

vi) اللہ تعالی نے انسان کو کن نعمتوں سے نوازا ہے؟

vii) کونسی قوتیں کسان سے سرنگوں رہتی ہیں ؟

viii) شاعر کو کس کی یاد کتنے عرصے سے نہیں آئی ؟

سوال نمبر 5: کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں (5

i) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ

ii) چغل خور

سوال نمبر6: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے- (15

i)یوم آزادی

ii)ایک دلچسپ سفر

iii)علم کے فائدے

سوال نمبر7: درج ذیل عبارت کوغور سے پڑھئے اور نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات دیجئے (10

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں- زبانوں کو ان کے مہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کررکھا ہے ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں ایک سا می دوسرا آریائی- سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں- آریائی خاندان میں ناصرف پاکستان بلکہ ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی اطالوی جرمن فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے- دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اوراس سلسلہ کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کے برابری نہیں کرسکتا- زبانوں کی یہ آریائی خاندان کی شعائیں پاکستان ہندوستان ایران انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں-

i) زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں؟

ii) عربی اور انگریزی، زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟

iii) ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟

iv) آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کے نام لکھیں؟

v) دنیا کے کون کون سے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

FAISALABAD BOARD

GRADE 10

URDU

2018 GROUP 2

(i) سبق "مرزا محمد سعید" کے ادیب کی تحریر ہے **(1)**

الف- شاہد احمد دہلوی

ب- نذیر احمد دہلوی

ج- اشرف صبوحی

د- مولوی عبدالحق

درست جواب: الف- شاہد احمد دہلوی

(ii) پرستان سے سیدانی بی کو انعام ملا **(1)**

الف- خلعت و زیورات

ب- کنکر پتھر

ج- جواہرات

د- روپیہ پیسہ

درست جواب: ج- جواہرات

iii) 1857ءکی جنگ آزادی کے بعد توجہ تیز ہوگئ: **(1)**

الف- غزلوں کی طرف طرف مرثیے کی طرف

ب- مرثیے کی طرف

ج- شہر آشوب کی طرف

د- نظموں کی طرف

درست جواب: د- نظموں کی طرف

(iv) لڑکی نے قلی کو کتنی رقم دی: **(1)**

الف- پانچ کا نوٹ

ب- ایک روپیا

ج- چونی

د- اٹھنی

درست جواب: د- اٹھنی

(v) چغل خور کون سا کام جانتا تھا: **(1)**

الف- معماری کا

ب- کھیتی باڑی کا

ج- لکڑی کا

د- لوہے کا

درست جواب: ب- کھیتی باڑی کا

(vi)   سبق "علی بخش" کے مصنف کام کے سلسلے میں کہاں گئے تھے: **(1)**

الف- لاہور

ب- جھنگ

ج- شیخوپورہ

د- لائل پور

درست جواب: د- لائل پور

(vii) آیا صوفیا کے برابر کیا ہے ؟ **(1)**

الف- عجائب گھر

ب- کتابخانہ

ج- اوقات

د- قبرستان

درست جواب: د- قبرستان

(viii) نظم"حمد" کے مطابق یہ عالم اللہ تعالی نے کس چیز سے بھر دیا: **(1)**

الف- رنگ وبو سے

ب- مخلوقات سے

ج- اجالے اور تاریکی سے

د- ان سب سے

درست جواب: د- ان سب سے

(ix) شاعرنے فاطمہ کو حور کہا ہے: **(1)**

الف- ارضی

ب- صحرائی

ج- آسمانی

د-جنتی

درست جواب: ب- صحرائی

(x) شاعرنے پاکستان کو رنگ برنگے پھولوں سے سجی کہاں ہے: **(1)**

الف- پھلواری

ب- ٹوکری

ج- دلکش

د- کھیتی نگری

درست جواب: الف- پھلواری

(xi) "ابن خطاب" گرائم کی رو سے **(1)**

الف- خطاب

ب- لقب

ج- کنیت

د- تخلص

درست جواب: ج- کنیت

(xii) " مسواک" گرامر کی روسے ہے: **(1)**

الف- اسمِ مکبر

ب- اسم آلہ

ج- اسم صوت

د-اسمِ مصغر

درست جواب: ب- اسم آلہ

(xiii) "اختر نے لکھا تھا" گرائمر کی رو سے ہے: **(1)**

الف- ماضی بعید

ب- ماضی شکیہ

ج- ماضی تمنائی

د- ماضی استمراری

درست جواب: د- ماضی استمراری

(xiv) اسلام کا درست تلفظ ہے **(1)**

الف- اِسْلَاَمْ

ب- اَسْلَاَم

ج- اَسَلَاْم

د- اِسُلاْم

درست جواب: الف- اِسْلَاَمْ

(xv) تعاون کا درست تلفظ ہے **(1)**

الف- تُعَاوَنْ

ب- تِعَاوُنْ

ج- تَعَاوُنْ

د-تُعْاوُنْ

درست جواب: ج- تَعَاوُنْ

سوال نمبر2: درج ذیل نظم و غزل اشعار کی تشریح کیجئے-(تین حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے 10)

حصہ نظم

i) آب خنک کو خلق ترستی تھی خاک پر

گویا ہوا سےآگ برستی تھی خاک پر

ii) سرخی اڑی تھی پھولوں سے، سبزی گیا ہ سے

پانی کنوؤں میں اترا تھا ،سائے کی سیاہ سے

iii) سرنگوں رہتی ہیں جس سے قوتیں تخریب کی

کی جس کے بل بوتے پر لگتی ہے کمر تہذیب کی

iv) اس میں ایسی کھا ئیاں ایسے ایسے غار ہیں

دفن ہو سکتا ہے جن میں آدمی بعد از وصال

حصہ غزل

i) تِرے رُتبہ دانِ محبت کی حالت

تِرے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

ii) بات یہ ہے کہ سکون دل ِوحشی کا مقام

کنج زنداں بھی نہیں ،وسعتِ صحرا بھی نہیں

iii) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور

تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ جلے ہیں

سوال نمبر3: نثر پاروں کی تشریح کیجیے- سبق عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے- (10

الف- میں پالکی سے اتری اور چادر کو اچھی طرح اوڑھ اس پری کے ساتھ چلی کیا کہوں اندر کیا بہار تھی ہزاروں پریاں گورے گورے رنگ بوٹا سا قد زرق برق کپڑے ہنستی جبلیس کرتی کھیلتی پھر رہی تھیں چمن ایسا کہ نہ دیکھا نہ سنا ہر درخت کا تنا چاندی کا سونے کی شاخیں زمرد کے پتے پھلوں کی جگہ کہیں لعل لٹک رہے تھے

ب- ڈاکٹر صاحب بڑے درویش آدمی تھے ۔گھر کے خرچ کا حساب کتاب میرے پاس رہتا تھا ۔میں بھی بڑی کفایت سے کام لیتا تھا ۔ان کا پیسہ ضائع کرنے سے مجھے بڑی تکلیف ہوتی تھی۔ اکثر اوقات ریل کے سفر کے دوران میں کئی کئی سٹیشنز پر بھوکا رہتا تھا ۔کیونکہ وہاں روٹی مہنگی ملتی تھی ۔لیکن ڈاکٹر صاحب ناراض ہو جاتے تھے۔

سوال نمبر4: کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے- (10

i) پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟

ii) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لبِ لباب کیا تھا ؟

iii) لڑکی جس ڈبے میں سوار ہوئی اس کا ماحول کیسا تھا؟

iv) نام دیو مالی کی موت کا سبب کیا تھا؟

v) دہشت گردی سے معاشرتی زندگی کس طرح متاثر ہوتی ہے ؟

vi) نظم "حمد" میں خالق کی کن مخلوقات کا ذکر کیا گیا ہے ؟

vii) آنکھ کی شبنم افشانی سے کیا مراد ہے؟

viii) دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق بتایا گیا ہے؟

سوال نمبر 5: کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں (5

i) پرستان کی شہزادی

ii) ملمع

سوال نمبر6: دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے- (15

زم زم

وقت کی پابندی

ورزش کی اہمیت

سوال نمبر7: درج ذیل عبارت کوغور سے پڑھئے اور نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات دیجئے- (10

قائداعظم ہمیشہ سے ایماندار، باہمت، نڈر اور مستقل مزاج انسان تھے.ان کا دامن لالچ اور ہوس سے پاک تھا. وہ کسی جج یا ساتھی وکیل سے بھی اپنی شان کے خلاف کوئی لفظ سننا پسند نہیں کرتے تھے.نامساعد حالات میں گھبراتے نہیں تھے .اور نہ کبھی دگا اور فریب سے کام لیتے تھے .ان کی سیاست صاف شہری اور پاکیزہ تھی .وہ سیاسی مقاصد حاصل کرنے کے لیے توڑ پھوڑ اور خلاف قانون اقدامات سخت مخالف تھے.جس بات کو حق سمجھتے ہیں اس کے بارے میں کسی سے سمجھوتہ نہیں کرتے اور نہ ہی مسئلہت تک کوشی سے کام لیتے تھے. خوش پوشی کا انھیں بے حد شوق اور سلیقہ تھا .جو آخر پر قائم رہا. ہندوستان کے کتنے ہی وائسرائیوں نے ان کی خوش پوشی کی تعریف کی تھی .ان کی زندگی کے آخری چند سالوں میں ان کی شہرت بام عروج پر پہنچ گئی تھی. پاکستان کا قیام ان کا عظیم کارنامہ ہے .

i) قائداعظم کس قسم کے انسان تھے؟

ii) قائداعظم کا رویہ کس قسم کا تھا ؟

iii) قائداعظم کا عظیم کارنامہ کونسا ہے؟

iv) اس عبارت کا عنوان تحریر کیجیے .

v) ہندوستان کے وائسرائیوں نے قائداعظم کے کس وصف کی تعریف کی ہے؟